# بہاول پور بورڈ 2023ء

**معروضی طرز**

L.K.No. 1036 | Paper Code No. 6541

(Inter - A - 2023)

Inter (Part - I)

Session (2020-22) to (2022 - 24)

اصول معاشیات
پرچہ: I
وقت: 20 منٹ
کل نمبر: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C، D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:** Four choices A, B, C, D to each question are given. Which choice is correct, fill that circle in front of that question number on the objective Bubble Sheet. Use marker or pen to fill the circles. Cutting or filling two or more circles will result in zero mark in that question.

**سوال 1**

1- **Who said that Economics is a "Science":** معاشیات کو "سائنس کا علم" قرار دیا:
(A) Adam Smith ایڈم سمتھ نے (B) Marshall مارشل (C) Robbins رابنز (D) Keynes کینز

2- **Total Utility is maximum when Marginal Utility is:** کل افادہ زیادہ سے زیادہ ہوتا ہے جب مختتم افادہ ہوتا ہے:
(A) Positive مثبت (B) Negative منفی (C) Zero صفر (D) Minimum کم سے کم

3- **Demand for Necessities of life is:** ضروریات زندگی کی اشیاء کی طلب ہوتی ہے:
(A) Less Elastic کم لچکدار (B) More Elastic زیادہ لچکدار
(C) Perfectly Elastic مکمل لچکدار (D) Inelastic غیر لچکدار

4- **Supply of Durable Goods is:** پائیدار اشیاء کی رسد ہوتی ہے:
(A) Inelastic غیر لچکدار (B) Zero Elastic صفر (C) Elastic لچکدار (D) Infinite Elastic لامحدود لچکدار

5- **The second name of Law of Increasing Return is:** قانون تکثیر حاصل کا دوسرا نام ہے:
(A) Law of Cost قانون مصارف (B) Law of Increasing Cost قانون تکثیر مصارف
(C) Law of Decreasing Cost قانون تقلیل مصارف (D) Law of Constant Cost قانون یکسانی مصارف

6- اجارہ داری کے تحت اوسط وصولی کا خط مختتم وصولی کے خط سے ........... رہتا ہے۔
**Under Monoply Average Revenue Curve remain _____ the Marginal Revenue Curve.**
(A) Below نیچے (B) Above اوپر (C) Parallel to متوازن (D) Equal to برابر

7- **Firm's Equilibrium is at that point where:** فرم کا توازن اس نقطہ پر ہوتا ہے جہاں:
(A) MC = MR (B) MC = AR (C) MC = AVC (D) MC = AC

8- **Marginal Productivity Theory was presented by:** نظریہ مختتم پیداوار پیش کیا:
(A) Adam Smith and Malthus ایڈم سمتھ اور مالتھس نے
(B) Marshall and J.B.Clark مارشل اور جے بی کلارک نے
(C) Robbins and Keynes رابنز اور کینز نے
(D) Pigou and Connon پیگو اور کینن نے

9- **Expenditures of repair of Machines are called:** مشینوں کے ٹوٹ پھوٹ کے اخراجات کو کہا جاتا ہے:
(A) Unproductive Expenditures غیر پیداوار اخراجات (B) Productive Expenditures پیداواری اخراجات
(C) Rewards معاوضے (D) Depreciation Allowances فرسودگی کے اخراجات

CS CamScanner

| | |
|---|---|
| -10 | قومی آمدنی کی متوازن سطح سے مراد وہ نقطہ ہے جہاں: **Equilibrium Level of National Income is attained at a point where:**<br>(A) بچت = سرمایہ کاری Saving = Investment (B) صرف = بچت Consumption = Saving<br>(C) صرف = سرمایہ کاری Consumption = Investment<br>(D) آمدنی = بچت+سرمایہ کاری Income=Saving+Investment |
| -11 | زر کی اقسام ہیں: **Kinds of Money are:**<br>(A) 03 (B) 04 (C) 05 (D) 07 |
| -12 | ایسا زر جس کی ظاہری اور حقیقی مالیت برابر ہو، کہلاتا ہے: **The Money whose Face Value is equal to Intrinsic Value is called:**<br>(A) علامتی زر Token Money (B) معیاری زر Standard Money<br>(C) کاغذی زر Paper Money (D) اعتباری زر Credit Money |
| -13 | سرد بازاری کے دوران **During recession:**<br>(A) روزگار بڑھ جاتا ہے Employment increases (B) قیمتیں گر جاتی ہیں Prices decrease<br>(C) منافع بڑھ جاتا ہے Profit increases (D) قیمتیں بڑھ جاتی ہیں Prices increase |
| -14 | کلی برتری کا نظریہ پیش کیا: **Absolute Advantage Theory was presented by:**<br>(A) ایڈم سمتھ Adam Smith (B) پروفیسر واکر Prof. Walker (C) ریکارڈو Recardo (D) مارشل Marshall |
| -15 | ............حکومت کے اخراجات کی مدات میں شامل نہیں ہے۔ **___ is not included in Public Expenditures.**<br>(A) عدالتیں Courts (B) فیس Fee (C) نظم ونسق Public Administration (D) دفاع Defence |

**جوابات:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| -1 C | -2 C | -3 A | -4 C | -5 C | -6 B | -7 A | -8 B |
| -9 D | -10 D | -11 D | -12 B | -13 B | -14 A | -15 B | |

## انشائی طرز

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر | 1036 – 2000 | Inter (Part-I) |
| اصول معاشیات | Inter – A – 2023 | |
| وقت: 2:10 گھنٹے | سیشن (2020-2022) to (2022-2024) | کل نمبر: 60 |

**ہدایات:** حصہ اول یعنی سوال نمبر 2، سوال نمبر 3 اور سوال نمبر 4 میں سے کوئی سے (6 – 6) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کرنا لازمی ہے۔ جب کہ حصہ دوم میں سے کوئی سے تین سوالات حل کیجیے۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جز نمبر درج کریں جو کہ سوالیہ پرچہ پر درج ہے۔

**Note:** It is compulsory to attempt any (6 - 6) parts each from Q.No.2, 3 and 4 while attempt any (03) questions from Part II. Write same Question Number and its Part number as given in the question paper.

### (حصہ اوّل)

جہاں ضروری ہو ڈائیگرام بنائیں۔ Make Diagram where necessary. 18 × 2 = 36

**سوال 2:**

(i) پروفیسر مارشل کی معاشیات کی تعریف تحریر کیجیے۔ **Write the Definition of Economics given by Prof. Marshall.**

جواب: معاشیات میں انسان کے ان افعال کا مطالعہ کیا جاتا ہے جن کا تعلق زندگی کے روزمرہ معاملات سے ہوتا ہے۔ یہ علم انسان کی انفرادی اور اجتماعی کوششوں کے اس حصہ کا جائزہ لیتا ہے جس کا اس چیز سے گہرا تعلق ہے کہ خوشحال زندگی کے مادی لوازمات کس طرح حاصل کیے جاتے ہیں اور انہیں کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ پس معاشیات ایک طرف دولت کا علم ہے اور دوسری طرف (جو پہلی سے زیادہ اہم ہے) جو انسانی زندگی کے ایک پہلو کا۔

Economics is the study of human functions that relate to the day-to-day affairs of life. This knowledge examines the part of man's individual and collective endeavours that is deeply related to how the material necessities of a prosperous life are obtained and how they are used. So economics is the knowledge of wealth on the one side and on the other side (which is more important than the first) which is an aspect of human life.

(ii) جزیاتی اور کلیاتی معاشیات میں کیا فرق ہے؟ What is the difference between Micro and Macro Economics?

جواب: کلی(Macro) کے معنی بڑے کے ہیں جب معاشی تجزیہ کے لیے معیشت کا بحیثیت مجموعی جائزہ لیا جائے تو اسے کلیاتی معاشیات کہا جاتا ہے۔

جزیاتی معاشیات سے مراد معیشت کے چھوٹے چھوٹے حصوں کا جائزہ لینا ہے مثلاً ایک فرد کی آمدنی اور اخراجات کا جائزہ لینا۔

Macro economics means large when the discussion of economy for economic analysis is taken as a whole, it is called macro economics. Micro economics refers to reviewing small parts of the economy, such as reviewing person, income and expenditure.

(iii) طلب کی آمدنی لچک کی تعریف کیجیے۔ **Define Income Elasticity of Demand.**

جواب: مقدار طلب میں تبدیلی کی وہ شرح جو قیمت کی وجہ سے آتی ہے طلب کی لچک کہلاتی ہے۔

The rate at which the quantity changes due to price is called the elasticity of demand.

(iv) رسد کی لچک سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by Elasticity of Supply?**

جواب: رسد کی لچک سے مراد کسی شے کی رسد میں تبدیلی کی وہ شرح لی جاتی ہے جو شے کی قیمت میں کمی بیشی کی وجہ سے وجود میں آتی ہے۔

Supply elasticity refers to the rate of change in the riser of an item that occurs due to a decrease in the price of the item.

(v) رسد اور ذخیرہ میں کیا فرق ہے؟ **What is the difference between Supply and Stock?**

جواب: رسد: رسد سے مراد ذخیرہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جسے فروخت کار ایک مخصوص قیمت پر فروخت کرنے کے لیے پیش کرتے ہیں۔

ذخیرہ: کسی ایک وقت میں کسی شے کی وہ کل مقدار جو منڈی میں فروخت کاروں کے پاس موجود ہوتی ہے اسے ذخیرہ کہتے ہیں۔

**Supply:** Supply refers to the part of the stock that the sellers offer to sell at a certain price.

**Stock:** The total quantity of goods at given time that the sellers have in the market is called stock.

(vi) عاملین پیدائش کے نام بتایئے۔ **Write the names of Factors of Production.**

جواب: 1- زمین 2- محنت 3- سرمایہ 4- تنظیم

1. Land 2. Labour 3. Capital 4. Organization

(vii) پیمانہ پیدائش سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by Scale of Production?**

جواب: پیمانہ پیدائش میں کاروبار کی جسامت، کاروبار کے ذرائع کی مقدار اور پیداوار کا حجم شامل ہوتا ہے۔

The scale of production includes the size of the business, the amount of business resources and the volume of production.

(viii) قانون تقلیل حاصل کی تعریف کیجیے۔ **Define the Law of Diminishing Return.**

جواب: اگر عمل پیدائش میں معینہ عامل پیدائش کے ساتھ متغیر عاملین کی اکائیوں میں اضافہ کیا جائے تو کل پیداوار میں اضافہ اکائیوں کی نسبت کم ہو جس کے نتیجہ میں مختتم پیداوار گرتی چلی جاتی ہے تو مختتم پیداوار گرنے کے اس رجحان کو قانون تقلیل حاصل کہتے ہیں۔

If the units of the variable factors are increased with the specific factor of production in the process of production, then the increase in total production is less than the units. As a result of which the marginal product keeps falling, then this trend of falling marginal product is called the law of diminishing returns.

(ix) معیاری منافع کی تعریف تحریر کیجیے۔ **Define normal Profit.**

جواب: معیاری منافع سے مراد وہ منافع ہوتا ہے جو کسی فرم کو صنعت میں ٹھہرے رہنے پر رغبت دلانے کے لیے کافی ہو۔

Normal profit is the profit that is enough to motivate a firm to stay in the industry.

**سوال 3:**

(i) پیمانہ صغیر کی تعریف کیجیے۔ **Define Small Scale production.**

جواب: ایسا پیمانہ پیدائش جس میں اشیاء کی پیداوار چھوٹے پیمانے پر سادہ مشینوں اور کم مزدوروں کے ذریعے کی جائے پیمانہ صغیر کہلاتا ہے۔

The scale of production in which goods are produced on a small scale by simple machines and labourers is called small scale.

(ii) اوسط وصولی سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by Average Revenue?**

جواب: اوسط وصولی سے مراد وہ رقم ہے جو کسی فرم کو اپنی پیداوار کی فروخت سے اوسطاً فی اکائی حاصل ہوتی ہے اسے معلوم کرنے کے لیے کل وصولی کو فروخت کی جانے والی پیداوار کی اکائیوں سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

$$\text{اوسط وصولی} = \frac{\text{کل وصولی}}{\text{پیداوار کی اکائیاں}}$$

Average revenue refers to the amount that a firm receives per unit on average from the sale of its

production divided by the total revenue by the units of production sold.

$$\text{Average recovery} = \frac{\text{Total recovery}}{\text{Units of production}}$$

(iii) فرم کے توازن کی شرائط لکھیے۔ **State the Conditions of Firm's Equilibrium.**

جواب: -1 مختتم مصارف (MC) کا خط مختتم وصولی (MR) کے خط کو نیچے سے قطع کرے۔

-2 رم کے مختتم مصارف (MC) مختتم وصولی (MR) کے برابر ہوں۔ -3 مکمل مقابلے کے تحت عرصہ طویل میں فرم معمولی منافع کماتی ہے۔

1. The line of marginal cost (MC) intersect the line of marginal revenue (MR) below.
2. The marginal cost (MC) of the firm is equal to the marginal revenue (MR).
3. Under perfect competition the firm earns marginal profit in long run

(iv) اجارہ داری کی تعریف کیجیے۔ **Define Monopoly.**

جواب: اجارہ داری منڈی کی ایسی حالت ہوتی ہے جب کسی شے کو ایک ہی فرم پیدا کر رہی ہو اور منڈی میں کسی اور جگہ سے اس شے کا قریبی نعم البدل بھی دستیاب نہ ہو مثلاً پاکستان میں واپڈا کو بجلی کی پیداوار اور فراہمی میں اجارہ داری حاصل ہے۔

A monopoly market is a situation in which a single firm is producing goods and not substitute for that goods is available from anywhere else in the market. In Pakistan, for example WAPDA has a monopoly on power generation and supply.

(v) اوسط کل مصارف کیسے معلوم کرتے ہیں؟ **How to Compute Average Total Cost?**

جواب: اوسط کل مصارف معلوم کرنے کے لیے ہم درج ذیل فارمولا استعمال کرتے ہیں۔

$$\text{اوسط مصارف} = \frac{\text{کل مصارف}}{\text{پیداوار}}$$

To find the average total cost we use following formula.

$$AC = \frac{TC}{Q}$$

(vi) سرمایہ کی تعریف کیجیے۔ **Define Capital.**

جواب: سرمایہ سے مراد آمدنی یا دولت کا وہ حصہ ہے جو مزید دولت پیدا کرنے یا آمدنی بڑھانے کے لیے استعمال میں لایا جائے مثلاً مشینیں، آلات و اوزار، خام مال، کارخانے، سڑکیں، ریلیں، ڈیم، بجلی گھر وغیرہ۔

Capital refers to the part of income or wealth that is used to create more wealth or increase income. For example, machines, equipment and tools, raw materials, factories, roads, dams, power plants etc.

(vii) مختتم حاصل کی تعریف لکھیے۔ **Define Marginal Revenue.**

جواب: مختتم وصولی سے مراد وہ رقم ہے جو کسی فرم کو اپنی پیداوار کی ایک سے زائد اکائی فروخت کرنے سے حاصل ہوتی ہے یا پیداوار کی ایک مزید اکائی فروخت کرنے سے کل وصولی میں جس قدر اضافہ ہوتا ہے مختتم وصولی/ حاصل کہلاتی ہے۔

Marginal revenue means that amount a firm earns from selling an excess unit of its production, or the increase in total receipts from the sale of one more unit of production is called final recovery.

(viii) متحرک سرمایہ کی تعریف لکھیے۔ **Define Floating Capital.**

جواب: ایسا سرمایہ جس نے کوئی مخصوص شکل اختیار نہ کی ہو اور ضرورت کے وقت آسانی سے اسے دوسری شکل یا زر میں تبدیل کیا جا سکے متحرک یا سیال سرمایہ کہلاتا ہے۔

A capital which has not taken any specific form and can easily be converted into another form or money at the time of need is called floating capital.

(ix) محنت کی چار خصوصیات لکھیے۔ **Write four Characteristics of Labour.**

جواب: -1 محنت کو مزدور سے الگ نہیں کیا جا سکتا　-2 محنت کا ذخیرہ نہیں کیا جا سکتا

-3 اجرت اور استعداد کار کا باہمی تعلق　-4 کم حرکت پذیری

1. Labour cannot be separated from labourer
2. Labour cannot be stored
3. Interrelationship of wages and efficiency
4. Less mobile

**سوال 4:**

(i) خام قومی پیداوار کی تعریف کیجیے۔ **Define Gross National Product.**

جواب: کسی ملک میں ایک سال کے دوران پیدا ہونے والی اشیاء و خدمات کے مجموعہ کو خام قومی پیداوار کہتے ہیں۔

The combination of goods and services produced in a country in one year is called gross national production.

CamScanner

(ii) انتقالی ادائیگیوں سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by transfer payments?**

جواب: انتقالی ادائیگیاں وہ رقومات ہوتی ہیں جو کسی شخص کو بغیر محنت کئے حاصل ہوتی ہیں مثلاً بے روزگاری الاؤنس، زکوٰۃ، خیرات، پنشن، وظیفہ اور تحائف وغیرہ۔

Transfer payments are money that a person receives without hardwork, such as unemployment allowance, zakat, charity, pension, stipend, gifts etc.

(iii) قابل تصرف شخصی آمدنی کی تعریف کیجیے۔ **Define Disposable Personal Income.**

جواب: اس سے مراد شخصی آمدنی کا وہ حصہ ہوتا ہے جو براہ راست ٹیکسوں کی ادائیگی کے بعد کسی شخص کے پاس باقی بچ رہے ہوں جسے وہ اپنی مرضی کے مطابق استعمال کرنے کا کلی اختیار رکھتا ہو۔

This refers to the portion of personal income that is left to a person after direct payment of taxes, which he has the direction to use at will.

(iv) عمدہ زر کے دو اوصاف لکھیے۔ **Write two Characteristics of Good Money.**

جواب: 1- یکسانیت 2- قدر کا مستحکم ہونا

1. Uniformity 2. Stability of value

(v) حکمی چیک سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by Order Cheque?**

جواب: ایسا چیک جس پر وصول کنندہ کا نام لکھا ہوتا ہے، حکمی چیک کہلاتا ہے۔

A cheque on which the payee's name is written is called a order cheque.

(vi) افراط زر کی تعریف کریں۔ **Define inflation.**

جواب: جب اشیاء کی قیمتوں کا معیار مسلسل تیزی سے بلند ہو رہا ہو تو اسے افراط زر کہا جاتا ہے۔

When commodity prices continue to rise sharply it is called inflation.

(vii) ست روی سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by Recession?**

جواب: جب معیشت مکمل خوشحالی کے دور سے نکل کر مکمل بدحالی کے دور تک پہنچنے میں جتنا عرصہ لیتی ہے اسے مراجعت یا ست روی کہتے ہیں۔

When the economy goes from a period of complete prosperity to a period of complete depression is called recession.

(viii) توازن تجارت کی تعریف کیجیے۔ **Define Balance of Trade.**

جواب: ''ایک ملک کی سال بھر کی مرئی برآمدات کی مالیت اور مرئی درآمدات کی مالیت کا حساب کتاب توازن تجارت کہلاتا ہے''۔

"The calculation of the value of a country's annual tangible exports and the value of its tangible imports is called the balance of trade".

(ix) سرکاری مالیات سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by Public Finance?**

جواب: سرکاری مالیات معاشیات کی اس شاخ کا نام ہے جس کا تعلق حکومت کی آمدنی اور اخراجات سے ہوتا ہے۔ اس میں ان امور کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ حکومت اپنی آمدنی کن ذرائع سے حاصل کرتی ہے اور کیسے خرچ کرتی ہے۔

Public finance is the branch of economics that deals with government revenue and expenditure. It examines the sources of government revenue and how it spends it.

## (حصہ دوم)

**سوال 5:** معاشی قوانین کا دیگر قوانین سے موازنہ کیجیے۔ **Compare Economic Laws with other Laws.**

**سوال 6:** قانون تکثیر حاصل کی وضاحت گوشوارے اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجیے۔ نیز اس کا اطلاق کس شعبہ پر ہوتا ہے؟

**Explain the Law of Increasing Returns with Schedule and Diagram. Also explain its application on profession.**

**سوال 7:** مکمل مقابلہ کے تحت فرم کے توازن کی وضاحت عرصہ طویل میں ڈائیگرام کی مدد سے کیجیے۔

**Use Diagram to explain the Equilibrium of a Firm under Perfect Competition in Long Run.**

**سوال 8:** زر کی تعریف کیجیے اور اس کے فرائض بیان کیجیے۔ **Define Money and Describe its Functions.**

**سوال 9:** تجارتی چکر کی تعریف کیجیے اور اس کے ادوار کی وضاحت کیجیے۔

**Define Trade Cycle and explain its Phases.**

CamScanner